www.iqbalkalmati.blogspot.com

Dua E Hajaat PDF

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دُعائے حاجات

جو شخص ہر نماز کے بعد اس دُعا کو ہمیشہ پڑھے گا خصوصاً جمعہ کی نماز کے بعد تو اللہ تعالیٰ ہر خوف کی چیز سے اس کی حفاظت کرے گا اس کے دشمنوں پر اس کی مدد کرے گا اور اس کو غنی کر دے گا اور اس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچائے گا جہاں اس کا خیال بھی نہ جائے اور اس کی زندگی اس پر آسان کر دے گا اور اس کا قرضہ ادا کر دے گا اگرچہ وُہ پہاڑ کے برابر ہو۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کو ادا کر دے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا وَاحِدُ يَا مَوْجُوْدُ يَا

اے اللہ اے یکتا اے یگانہ اے موجود اے

جَوَّادُ يَا بَاسِطُ يَا كَرِيْمُ يَا وَهَّابُ يَا

بہت سخی اے پھیلانے والے اے کرم کرنے والے اے بہت دینے والے اے

ذَاالطَّوْلِ يَا غَنِيُّ يَا مُغْنِيْ يَا فَتَّاحُ

بخشش کرنے والے اے بے پرواہ اے بے پرواہ کرنے والے اے بہت کھولنے والے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

يَا رَزَّاقُ يَا عَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ يَا حَيُّ

اے بہت روزی دینے والے اے تمام چیزوں کو جاننے والے اے حقیقت کو جاننے والے اے زندہ

يَا قَيُّوْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا بَدِيْعَ

اے قائم بالذات اے بہت رحم کرنے والے اے بے انتہا مہربان اے آسمانوں اور زمین کو

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط يَا ذَا الْجَلَالِ وَ

بلا نمونہ پیدا کرنے والے۔ اے بزرگی اور عظمت والے اے

الْاِكْرَامِ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ نَفِّحْنِيْ

بہت زیادہ مہربان اے بہت زیادہ احسان کرنے والے! مجھے اپنی طرف سے

مِنْكَ بِنَفْحَةِ خَيْرٍ تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَمَّنْ

ایسی خوشبو عطا کر جو تیرے سوا تمام سے بے پرواہ

سِوَاكَ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ

کر دے۔ اگر تم کامیابی چاہتے ہو تو یہ (جان لو) کہ کامیابی آچکی

الْفَتْحُ ط اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ط

ہے بے شک ہم نے آپ کو کھلی ہوئی کامیابی عطا کی ہے۔

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ط اَللّٰهُمَّ

اللہ کی طرف سے مدد اور قریبی فتح (کی امید ہے) اے اللہ

يَا غَنِيُّ يَا حَمِيْدُ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ

اے بے پرواہ اے قابل تعریف اے پیدا کرنے والے اے دوبارہ زندہ کرنے

يَا وَدُوْدُ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ يَا فَعَّالٌ

والے اے بہت زیادہ محبت کرنیوالے اے عظمت والے عرش کے مالک اے جو چاہے

لِّمَا يُرِيْدُ ط اِكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ

کر گزرنے والے اپنی حلال کی ہوئی باتوں کے ذریعے حرام باتوں سے مجھے بے پرواہ کر

وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَ

دے اور اپنے فضل کے ذریعے اپنی ذات کے سوا تمام سے بے پروا کر دے اور جن

احْفَظْنِيْ بِمَا حَفِظْتَ بِهِ الذِّكْرَ

ذرائع سے تو نے اپنے کلام کی حفاظت کی اسی سے میری بھی حفاظت فرما اور جن

وَانْصُرْنِيْ بِمَا نَصَرْتَ بِهِ الرُّسُلَ اِنَّكَ

ذرائع سے تو نے اپنے رسولوں کی مدد فرمائی انہی ذرائع سے میری مدد فرما بے شک

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جو ذکر اور دعا حضورؐ فرمایا کرتے وہ پیشِ خدمت ہے۔
خدا کرے کوئی صاحبِ دل اس کو یاد کرے اور اسے اپنا وظیفہ بنا لے

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوٰتِ

اے اللہ! ساری تعریفیں تیرے لیے ہیں تو ہی آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں

وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ

ہے، کو قائم رکھنے والا ہے۔ ساری تعریفیں تیرے لیے ہیں

اَنْتَ مَلِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ

تو ہی آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے، کا بادشاہ

فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ الْحَقُّ وَعْدُكَ

ہے۔ ساری تعریفیں تیرے لیے ہیں۔ تو حق ہے۔ تیرا وعدہ

الْحَقُّ بِقَآؤُكَ حَقٌّ وَّقَوْلُكَ حَقٌّ وَّالنَّارُ

حق ہے۔ تیری بقاء حق ہے۔ تیرا فرمان حق ہے۔ آگ حق

حَقٌّ وَّالنَّبِيُّوْنَ حَقٌّ وَّمُحَمَّدٌ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ

ہے۔ سارے نبی حق ہیں۔ اور (تیرا محبوب) محمد (علیہ السلام) حق ہے

حَقٌّ اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ

اور قیامت حق ہے۔ اے اللہ! میں نے اپنا سر تیرے آگے خم کر دیا ہے۔ میں تجھ پر

www.iqbalkalmati.blogspot.com

وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ وَبِكَ

ایمان لے آیا ہوں۔ تجھ پر ہی میرا بھروسہ ہے میں تیری طرف ہی دل سے مائل ہوں۔ میں

خَاصَمْتُ وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ أَنْتَ رَبُّنَا

تیری مدد ہی سے دشمن کا مقابلہ کرتا ہوں اور تجھے ہی اپنا حاکم تسلیم کرتا ہوں تو ہی ہم سب

وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ فَاغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ

کا رب ہے اور تیری طرف ہی ہم نے لوٹنا ہے۔ (اے اللہ!) میرے گذشتہ گناہ بھی بخش دے

وَمَا أَخَّرْتُ وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ

اور آئندہ گناہ بھی معاف کر دے جو میں نے چھپ کر کیے ہیں اور جو میں نے ظاہری کیے ہیں

وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي أَنْتَ الْمُقَدِّمُ

اور جو گناہ میرے صرف تو ہی جانتا ہے تو سب سے پہلے ہے

وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ

اور تو ہی سب سے آخر ہے صرف تو ہی معبود ہے تیرے سوا اور کوئی معبود نہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مرض الموت میں یہ دعا بار بار پڑھتے تھے۔

۱۔ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّي عَلٰى غَمَرَاتِ الْمَوْتِ

۱ الٰہی! موت کی سختیوں اور موت کی بے ہوشیوں پر میری

www.iqbalkalmati.blogspot.com

وَسَكَرَاتِ الْمَوْتِ

مدد فرما۔

٢- اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاَلْحِقْنِيْ

الٰہی! میری مغفرت فرما اور مجھ پر رحمت کر اور مجھے اعلیٰ

بِالرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى

درجہ کے رفیقوں سے ملا دے

حضرت انسؓ کی دعا "بسم اللہ شریف"

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِيْ وَدِيْنِيْ، بِسْمِ

اللہ کا نام لیتا ہوں اپنے نفس پر اور اپنے دین پر۔ اللہ کا

اللّٰهِ عَلٰى اَهْلِيْ وَمَالِيْ وَوَلَدِيْ، بِسْمِ

نام اپنے اہل و عیال پر اور مال پر اللہ کا نام لیتا ہوں اس

اللّٰهِ عَلٰى مَا اَعْطَانِيَ اللّٰهُ، اَللّٰهُ، اَللّٰهُ،

چیز پر جو اس نے مجھے عطا کی ہے۔ اللہ، اللہ، اللہ،

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اَللّٰهُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا ۭ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

اللہ میرا رب ہے میں اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں کرتا۔ اللہ سب سے بڑا ہے

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۭ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَ

اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اور زیادہ عزت والا ہے اور زیادہ بڑا

اَعْظَمُ مِمَّآ اَخَافُ وَاَحْذَرُ عَزَّ جَارُكَ

ہے ان چیزوں سے جن سے میں خوف زدہ رہتا ہوں اور اے اللہ

وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ۭ اَللّٰهُمَّ

تیری ثنا بڑی ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ اے اللہ میں تجھ

اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ

سے اپنے نفس کے شر سے پناہ مانگتا ہوں اور ہر شیطان

شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّرِيْدٍ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ

مردود کے شر سے اور ہر ظالم دشمن کے شر سے

جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ

پناہ مانگتا ہوں۔ تم کہو میرا اللہ میرے لیے کافی

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ

ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اسی پر بھروسہ کرتا ہوں اور وہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ۝ اِنَّ وَلِیّۦَ اللّٰهُ

عرشِ عظیم کا مالک ہے۔ بے شک میرا ولی اللہ ہے

الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتٰبَ وَهُوَ یَتَوَلَّی

جس نے کتاب کو نازل کیا اور وہی صالحین

الصّٰلِحِیْنَ ۝

کا والی ہے۔

مندرجہ بالا دُعا حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی ہے آپ حضرت رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم تھے۔ دس برس آپؐ کی خدمت کی، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی والدہ کی درخواست پر اُن کو دین و دنیا، آخرت کی بہتری کے لیے اور جملہ آفات و بلیات سے حفاظت کے لیے اس دُعا سے مشرف و مخصوص فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے اُن کی عُمر، مال دولت اور اولاد میں یہاں برکت دی اور وہاں جو بھلا ہوگا اس کا اندازہ کرنا مشکل ہے۔ (صبح و شام)

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com